# دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کراچی

## تعارف دلولہ

ہزارہ ڈویژن کا مرکزی مقام ضلع ایبٹ آباد کا شمار پاکستان کے خوبصورت ترین شہروں میں ہوتا ہے ضلع ایبٹ آباد میں تعلیم وتمدن میں اپنی مثال آپ ہے افواج پاکستان کی ابتدائی درسگاہ کاکول اکیڈمی بھی ایبٹ آباد کا حصہ ہے، اسی طرح دنیا بھر کے سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کیلئے خوبصورت مقامات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ یہاں موجود ہے انہی خوبصورت ترین مقامات میں سے ایک یونین کونسل دلولہ بھی ہے جس کی آبادی تقریبا پچاس ہزار کے لگ بھگ ہے جس میں مختلف اقوام کے لوگ آباد ہیں یونین کونسل دلولہ میں رہنے والے تمام برادریاں ایک دوسرے کی غم وخوشی میں برابر کی شریک ہوتی ہیں اسی اتحاد اتفاق کی وجہ سے یونین کونسل دلولہ سے تعلق رکھنے والے لوگ تعلیمی میدان ہو یا وطن عزیز کی سرحدیں ہر جگہ اپنے ملک اور اپنے علاقے کا نام روشن کررہے ہیں

## تعارف دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی

فروری 2009 میں میر ریاض کی دردناک موت نے یونین کونسل دلولہ کے نوجوانوں کے احساسات کو جگایا بل آخر 10 مارچ 2009 کو دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کا قیام بمقام دریا آباد کراچی میں عمل میں لایا گیا جس میں مختصر کابینہ تشکیل دے کر اس کو حتمی شکل دی گئی ابتدائی طور پر اٹھارہ لوگ اس کمیٹی کا حصہ بنے اور پھر کراچی کے مختلف علاقوں میں رہائش پزیر یونین کونسل دلولہ کی اعوام سے رابطہ کیا گیا۔

اور پھر لوگوں کے اعتماد نے دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کو وہ اہمیت بخشی کہ آج پورے پاکستان میں ایک مثال بن کر سامنے آئی ہے

## منشور دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی

خوشی اور غم زندگی کا حصہ ہیں خوشی کیلئے انسان انتظامات کرتا ہے اور غم اچانک آپہنچتا ہے لیکن غم ہو وہ بھی پردیس میں ہزاروں میل دور اور جب اپنا حقیقی خونی رشتہ جب اس دنیا سے وفات پا جاتا ہے تو پھر اس مشکل گھڑی میں انسان کا سہارہ بننے والی دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی جس کا مقصد سفید پوش اور متوسط طبقے کی عزت نفس کو محفوظ رکھتی ہے ہر قسم کی سہولیات بھی میسر کرتی ہے دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کا کوئی بھی ممبر اگر کراچی میں فوت ہو جاتا ہے یا کسی ممبر کا کوئی حقیقی رشتہ دار دلولہ میں فوت ہو جاتا ہے تو ایسی صورت میں کمیٹی اپنے ممبر کو باعزت کراچی سے دلولہ پہچانے میں مدد کرے گی

# قوانین

شق نمبر 1۔ اگر کسی بھی ممبر کا کوئی حقیقی رشتہ دار ماں، باپ، بہن، بھائی، بیوی، بچے کی وفات کی صورت میں کمیٹی اپنے ممبر کو گاؤں بھیجنے کی مجاز ہوگی اس کے علاوہ کسی بھی رشتہ دار کی وفات پر کمیٹی اپنے کسی ممبر کے ساتھ تعاون کی مجاز نہیں ہوگی

شق نمبر 2۔ اگر کوئی ممبر کراچی میں فوت ہوجاتا ہے اور اسکے حقیقی رشتہ دار کراچی میں موجود ہیں اور وہ کمیٹی کے ممبر نہیں ہیں تو اس صورت میں کمیٹی ایکسٹرا ٹکٹ دینے کی مجاز نہیں ہوگی بصورت دیگر ایسی ڈیڈ باڈی جس کا کوئی حقیقی رشتہ دار موجود نہیں ہے یا اسکے ساتھ جانے والا کوئی نہیں ہے تو اس صورت میں کابینہ مشاورت سے کمیٹی ایک ٹکٹ دینے کی مجاز ہوگی۔

شق نمبر 3۔ اگر فوت ہونے والے ممبر کی فیملی کراچی میں موجود ہے اور صرف خواتین یا چھوٹے بچوں پر مشتمل ہے تو بھی کمیٹی ڈیڈ باڈی کے ساتھ ایک ممبر بھیجے گی تاہم اگر فیملی میں اٹھارہ سال سے زاہد عمر کا لڑکا موجود ہے اور وہ کمیٹی کا ممبر ہے تو کمیٹی کسی بھی اضافی شخص کو گاؤں بھیجنے کی مجاز نہیں ہوگی۔

شق نمبر 4۔ کراچی میں مقیم 2 سال سے زائد عمر کا بچہ اگر کمیٹی کا ممبر ہے تو اس کی وفات کی صورت میں کمیٹی کے ممبر والدین اگر بچے کی ڈیڈ باڈی گاؤں لے جانا چاہتے ہیں تو کمیٹی تمام اخراجات برداشت کرے گی تاہم دو سال سے کم عمر کے بچے کی وفات کی صورت میں ڈیڈ باڈی گاؤں بھیجنے کے اخراجات کی کمیٹی زمہ دار نہیں ہوگی البتہ کراچی میں تدفین کی صورت میں کمیٹی تدفین کے اخراجات برداشت کرے گی۔

شق نمبر 5۔ کسی بھی ممبر کا گاؤں میں 2 سال سے زاہد عمر کا بچہ فوت ہوجاتا ہے تو کمیٹی اس ممبر کو گاؤں بھیجنے کی مجاز ہے ایک سال سے کم عمر کی صورت میں کمیٹی کسی بھی ممبر کیساتھ تعاون کی مجاز نہیں ہے

شق نمبر 6۔ اگر کسی بھی ممبر کا کوئی حقیقی رشتہ دار گاؤں میں نزع کی حالت میں ہے تو ایسی صورت میں ممبر اپنے متعلقہ زون زمہ دار منتخب کابینہ یا سپریم کونسل کو مطلع کر کے اپنے اخراجات پر گاؤں جاسکتا ہے ممبر کی کراچی سے روانگی کے وقت سے لیکر 72 گھنٹے یعنی 3 دن کے اندر اگر اس کے متعلقہ رشتہ دار کی فوتگی ہوجاتی ہے تو کمیٹی اپنے قوانین کے مطابق کراچی سے دلولہ تک کے اخرجات اپنے ممبر کو ادا کرے گی 3 دن یعنی 72 گھنٹے گزر جانے کے بعد کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں کمیٹی کسی بھی قسم کے تعاون کے مجاز نہیں ہوگی واضع رہے کہ ایسی صورت میں ممبر کا کمیٹی کے زمہ داروں کو مطلع کرنا ضروری ہے اور ادائیگی کے وقت کمیٹی ضروری دستاویزات جیسے ٹکٹ وغیرہ چیک کرسکتی ہے۔

شق نمبر 7۔ قدرتی آفت کی صورت میں کمیٹی اپنی صوابدید کے مطابق فیصلہ کرے گی۔

شق نمبر 8۔ اگر کمیٹی کے پاس فنڈ ختم ہوجاتا ہے تو کمیٹی کسی بھی ممبر کیساتھ کوئی تعاون نہیں کرسکتی ہے جب تک کوئی ہنگامی فنڈز کا انتظام نہ ہوجائے البتہ دوبارہ فنڈز اکٹھا ہونے کی صورت میں کمیٹی اپنے ممبران کو تمام اخراجات ادا کرے گی۔

شق نمبر 9۔ منتخب کابینہ کمیٹی کی بہتری کیلئے موجودہ حالات کے پیش نظر آئین میں کوئی بھی ایسی ترمیم کرسکتی ہے جو ناگزیر ہو اس سلسلے میں سپریم کونسل کی مشاورت کافی ہوگی جنرل باڈی بھی بلاسکتے ہو

شق نمبر 10۔ سوتیلی ماں، سوتیلی بہن، سوتیلہ بھائی حقیقی رشتوں میں تصور کیے جائیں گے۔ یہ شق 2022,23 میں جنرل باڈی کے اجلاس میں دوتہائی اکثریت سے منظور ہوئی ہے

شق نمبر 11۔اسلام آباد سے دلولہ ٹیکسی کا کرایہ 8000 مقرر کیا گیا ہے اور میت کی صورت میں ایمبولنس کا کرایہ 12000 روپے مقرر کیا گیا ہے آئندہ کے حوالے سے جنرل باڈی کا اجلاس بلا کر اس میں کمی پیشی کی جا سکتی ہے۔

شق نمبر 12۔نئی ممبر شپ حاصل کرنے کے بعد 10 دن گزر جانے کے بعد ممبر کمیٹی سے مستفید ہو سکتا ہے اس سے پہلے ہرگز کمیٹی سے مستفید نہیں ہو سکتا

شق نمبر 13۔کراچی میں موجود ممبر فیملی کے ساتھ اگر دو سال سے کم عمر کے بچے موجود ہوں تو کسی بھی ایمرجنسی صورت میں کمیٹی اپنے قوانین کے مطابق بچوں کو بھی دلولہ بھیجنے کے اخراجات برداشت کرے گی۔

شق نمبر 14۔کمیٹی کا ہر ممبر مرد عورت اپنے بچوں کی سالانہ فیس ادا کرنے کے پابند ہیں دو سال سے زائد عمر کے بچوں کی بھی سالانہ فیس جمع کرنا ہو گی

شق نمبر 15۔کمیٹی کو دیا گیا فنڈ کسی صورت واپسی نہیں ہو گا نیز کمیٹی کسی ممبر کو قرض دینے کی مجاز نہیں ہو گی

شق نمبر 16۔کمیٹی کی سالانہ فیس زون ذمہ دار تک پہنچانا ہر ممبر کی ذمہ داری ہے اگر کسی ممبر کا اپنے متعلقہ زون ذمہ دار سے رابطہ نہ ہو سکے تو صدر جنرل سیکرٹری یا کسی بھی عہدیدار سے رابطہ کر کے فیس جمع کروائی جا سکتی ہے

شق نمبر 17۔کمیٹی کی سالانہ فیس 2000 مقرر کی گئی ہے فیس میں کمی پیشی کابینہ سپریم کونسل کی مشاورت سے کر سکتی ہے

شق نمبر 18۔سالانہ ممبر شپ فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ ہر سال 31 اگست تک مقرر کی گئی ہے یعنی پچھلے سال کے کلئیر ممبران کمیٹی کے منشور سے 31 اگست تک مستفید ہو سکتا ہیں 31 اگست کے بعد صرف وہ ممبران مستفید ہونگے جن کی رواں سال کی فیس جمع ہو گی خارج ممبران دوبارہ ممبر شپ فیس جمع کرنے کے 10 دن تک مستفید نہیں ہو سکے گا۔

شق نمبر 19۔کمیٹی اپنے ممبر کے علاوہ کسی بھی دوسرے فرد کو اضافی ٹکٹ دینے کی مجاز نہیں ہو گی۔

شق نمبر 20۔کابینہ کی مدت ایک سال مقرر کی گئی ہے ہر سال کی 15 دسمبر کو منتخب کابینہ تحلیل کر دی جائے گی نئی کابینہ کا منتخب کرنے کیلئے سپریم کونسل دسمبر کا آخری اتوار جنرل باڈی کا اجلاس بلائے گی اور اس اجلاس میں الیکشن یا سلیکشن کے ذریعے نئی کابینہ منتخب کی جائے گی۔

شق نمبر 21۔انتخابی عمل سپریم کونسل کی سرپرستی میں ہو گی الیکشن یا سلیکشن کی صورت میں سپریم کونسل ضابطہ اخلاق مقرر کرے گی اور تمام عہدیداران اور ممبران اور ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کرنے کے پابند ہونگے۔

شق نمبر 22۔الیکشن یا سلیکشن کے لیئے ہونے والے جنرل باڈی کے اجلاس کی اطلاع ممبران تک پہنچانا زون ذمہ دار کی ذمہ داری ہے

شق نمبر 23۔جو فرد کسی دوسری تنظیم میں صدر، خزانچی، جنرل سیکرٹری یا کسی اہم عہدیو پر فائز ہو گا وہ دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کا عہدیدار منتخب نہیں ہو سکتا تاہم زون ذمہ دار یا ایگزیکٹو باڈی کا ممبر رہ سکتا ہے

**نوٹ:**

یہ تمام قوانین کمیٹی کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کیلیئے ہیں اعوام ان پر عمل پیرا ہو کر کمیٹی کے منشور سے زیادہ مستفید ہو سکیں اور ہماری آنے والی نسلیں بھی اس درخت کی چھاؤں میں بیٹھ سکیں اور یہ اسی صورت ممکن ہے جب کمیٹی کے تمام ممبران ان قوانین پر عمل کریں کمیٹی کی رجسٹریشن حاصل کرتے وقت ان قوانین کا مطالعہ کرنا ضروری ہے تا کہ کوئی ابہام باقی نہ رہے ہر ممبر کو حق حاصل ہے کہ وہ کمیٹی کے معاملے میں مثبت رائے دے سکتا ہے تاہم کسی ممبر کی رائے سے قانون میں ترمیم نہیں کی جاسکتی جب تک سپریم کونسل یا کابینہ اس کی ضرورت محسوس نہ کریں۔

## دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی

دستور

آرٹیکل 2023

دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی تین ستونوں پر مشتمل ہے

(1)۔سپریم کونسل (2)۔ایگزیکٹو باڈی (3)۔کابینہ

**سپریم کونسل**: بزرگوں اور نوجوانوں پر مشتمل ایک اتھارٹی ہے

جس کے ممبران کی تعداد 13 ہے سپریم کونسل کی مثال عدلیہ کی ہے جو کسی بھی مسلے کا حل تلاش کرسکتی ہے

**ایگزیکٹو باڈی** : اس میں تمام زون ذمہ داران کے علاوہ کمیٹی کے سینئر ممبران ہیں جو کمیٹی کے مختلف عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں یا جو بہترین خدمات انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

**کابینہ**: کابینہ کا انتخاب ہر سال بعد ہوتا ہے اور اس میں تجربہ کار اور محنتی و دیانتدار افراد کا انتخاب کیا جاتا ہے جو کسی بھی ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

## آئین میں ترمیم یا قانون سازی کا عمل

آئین میں ترمیم یا قانون سازی کا عمل نظریہ ضرورت کے تحت ہمیشہ جاری وساری رہتا ہے اس کے لیئے کابینہ جنرل باڈی کا اجلاس بلا کر کوئی بھی ضروری ترمیم کرسکتی ہے۔ جنرل باڈی سے مراد سپریم کونسل ایگزیکٹو باڈی اور کابینہ کے عہدیداران ہونگے اس طرح آئندہ عہدیداران کا چناؤ کا عمل بھی مذکورہ تینوں ستون یعنی سپریم کونسل، ایگزیکٹو باڈی اور کابینہ کی مشاورت سے ہوگا۔کابینہ اپنی مدت پوری کرنے کے بعد آئندہ انتخابی عمل کو شفاف بنانے کی ہر ممکن کوشش کرے گی اور سپریم کونسل اور ایگزیکٹو باڈی مکمل تعاون کرے گی۔نئی کابینہ کی حلف برداری کے بعد تنظیم کے معاملات بلا تاخیر نئی کابینہ کو سونپ دیئے جائینگے

آرٹیکل 2023

# دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی

منصب اور فرائضِ منصب

## سپریم کونسل اور اس کے اختیارات

1۔ سپریم کونسل ایک مقتدر اتھارٹی کی حیثیت رکھتی ہے اور اس کا فیصلہ حرف آخر تصور کیا جائے گا۔

2۔ سپریم کونسل کسی بھی الجھے ہوئے معاملے کی تفتیش کا پورا حق رکھتی ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی عہدیدار یا ممبران سے باز پرس کر سکتی ہے۔

3۔ سپریم کونسل فریقین کا موقف سننے کے بعد جو بھی فیصلہ کرے گی وہ نافذ العمل ہوگا۔

4۔ سالانہ انتخابات یا ممبران کا چناؤ سپریم کونسل کی سرپرستی میں ہوگا۔

5۔ قوانین میں کوئی بھی ترمیم سپریم کونسل کی منظوری کے بعد کی جائے گی۔

## ایگزیکٹو باڈی کا قیام اور اس کے اختیارات

1۔ ایگزیکٹو باڈی کابینہ کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی اور ہر صورت آئین کی پاسداری کرے گی۔

2۔ سپریم کونسل کے اقدامات کو پایا تکمیل تک پہنچانا ایگزیکٹو باڈی کی ذمہ داری ہے۔

3۔ ہر زون سے کم سے کم ایگزیکٹو باڈی کا ایک ممبر ہوگا جو زون ذمہ دار سے مکمل رابطے میں رہے گا اور کمیٹی کے حوالے سے اپنے زون کے ممبران کے مسائل حل کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی۔

4۔ الیکشن یا چناؤ کی صورت میں ایگزیکٹو باڈی کا فیصلہ بہت اہم ہوگا۔

5۔ کسی بھی حادثاتی صورت میں ایگزیکٹو باڈی تمام معاملات کا باریکی سے جائزہ لے گی ور اگر کوئی فوتگی ہو جاتی ہے تو کابینہ کے ساتھ ایگزیکٹو باڈی کے کم سے کم دو ممبران کا ائیر پورٹ تک جانا لازمی ہے۔

6۔ کسی بھی ممبر کے کسی عزیز کی فوتگی کی صورت میں اس کے ٹکٹ اور دیگر معاملات کی جانچ پڑتال ایگزیکٹو باڈی کی ذمہ داری ہوگی اور وہ اس سلسلے میں سپریم کونسل کو مطلع کرے گی۔

7۔ اگر کسی زون کے کسی ممبر کی گاؤں میں فوتگی ہو جاتی ہے تو متعلقہ زون اور ایگزیکٹو باڈی کا ممبر اور کابینہ کے عہدیدار اس ممبر کو گاؤں تک پہنچانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

## کابینہ اور اس کے اختیارات

1۔جمہوری عمل کے تحت ممبران کی فیس وصولی اور اس کا تمام ریکارڈ کابینہ کی ذمہ داری ہے اور ہر ماہ ایک باقاعدہ میٹنگ کر کے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنا بھی کابینہ کا فرض ہے۔

2۔ممبران کا بروقت اطلاع دینا اور متعلقہ تاریخ تک ریکوری کو یقینی بنانا کابینہ کی ذمہ داری ہے۔

3۔صدر، خزانچی اور جنرل سیکرٹری اہم ذمہ دار ہونگے اور اپنی مقررہ مدت کے تمام اختیارات ان کے پاس ہونگے۔ کسی بھی الجھن کے موقع پر ذمہ داران ایک تحریر رپورٹ سپریم کونسل کے پاس جمع کروائیں گے۔سپریم کونسل جو فیصلہ کرے گی ایگزیکٹو باڈی اس پر عملدرآمد کرانے کی پابند ہوگی۔

4۔کسی بھی حادثاتی صورت میں صدر ایگزیکٹو باڈی کو مطلع کرے گا اور ایگزیکٹو باڈی صدر کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔

5۔کابینہ ضرورت کے مطابق جب چاہئے جنرل باڈی کا اجلاس طلب کر سکتی ہے جس میں سپریم کونسل اور ایگزیکٹو باڈی کی شرکت ضروری ہوگی۔

**نوٹ:**

یہ تمام قوانین کمیٹی کی بنیادوں کو مظبوط کرنے کے لئے ہیں تا کہ عوام ان پر عمل پیرا ہو کر ہماری کمیٹی سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں اور ہماری نئ نسلیں بھی اس درخت کی چھاؤں میں بیٹھ سکیں اور یہ اس وقت ممکن ہے جب کمیٹی کے تمام ممبران ان قوانین پر عمل کریں۔کمیٹی کی رجسٹریشن حاصل کرتے وقت اس کتابچے کو اچھی طرح پڑھیں تا کہ ہر ممبر کو یہ معلوم ہو کے کس موقع پر ہماری کمیٹی ہمارے ساتھ کیا تعاون کر سکتی ہے رجسٹریشن لینے کے بعد کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کمیٹی کے قوانین پر تنقید کرے۔البتہ اپنی رائے ضرور دے سکتے ہیں۔

# دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کا پیغام

کراچی میں مقیم دلولہ کے تمام لوگوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ خواہ آپ کراچی کے کسی بھی علاقے میں ہوں آپ کمیٹی کی ممبرشپ ضرور حاصل کریں تاکہ کسی بھی مشکل وقت میں آپ کمیٹی کے پروگرام سے مستفید ہوسکیں۔


کمیٹی آپ کے لئے شجر سایہ دار کی حثییت رکھتی ہے۔ کراچی میں اس وقت 18 زون کام کر رہے ہیں آپ کسی بھی زون ذمہ دار یا کمیٹی کے عہدیداران سے رابطہ کر کے اپنی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ شکریہ

دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کا نیا آئین آرٹیکل 2023، کا مسودہ موجودہ صدر ذوالفقار عباسی، جنرل سیکرٹری اظہر عباسی، فنانس سیکرٹری عارف صادق عباسی پریس سیکرٹری یاسر عباسی، عہدیداران سپریم کونسل اور کمیٹی ممبران کی مشاورت سے تیار کیا گیا۔

مسودے کو موجودہ پریس سیکرٹری یاسر عباسی نے پائیہ تکمیل تک پہنچایا۔

## تمام زون ذمہ داران سے رابطے کیلئے ان نمبرز پر رابطہ کریں

| | | |
|---|---|---|
| ڈیفنس زون<br>عارف صادق عباسی<br>0311-5518142 | سپر ھائی وے زون<br>حفیظ عباسی<br>0315-3696781 | کھارادارزون<br>شوکت عباسی<br>0333-3696602 |
| لائنیز ایریا زون<br>مولانا امجد<br>0313-8499765 | ستارہ زون<br>ساجد عباسی<br>0311-2481678 | کھڈا مارکیٹ زون<br>عظیم عباسی<br>0311-2549915 |
| کالا پل<br>راجہ راشد<br>0322-2457032 | ماڑی پور زون<br>احمد عباسی<br>0315-2453053 | حیدری زون<br>حاجی رفیق عباسی<br>0312-2167425 |
| ملیر زون<br>یاسر عباسی<br>0310-7390978 | صدرزون<br>اکرم عباسی<br>0313-8158856 | گلشن اقبال زون<br>رفیق عباسی<br>0315-2362235 |
| کیماڑی زون<br>فرید عباسی<br>0311-8239521 | شیرشاہ زون<br>اظھر عباسی<br>0311-1000792 | دریا آبادزون<br>نعیم عباسی<br>0311-0888000 |
| کلفٹن زون<br>محمد عارف عباسی<br>0333-3513952 | گلبائی زون<br>وحید عباسی<br>0312-2630307 | |


DALOLA HAZARA WELFARE COMMITTEE
DALOLA HAZARA
WELFARE COMMITTEE
دلولہ ہزارہ ویلفیئر کمیٹی

# دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کے بانی و متحرک کردار
## جن کی بدولت کمیٹی آج ایک شجر سایہ دار کی حیثیت رکھتی ھے


نثار عباسی


نعیم عباسی


ملک ساجد عباسی


ظہیر عباسی


شبیر عباسیؒ


میر ماجد


سجاد عباسی


وقار عباسی


اکرم عباسی


شوکت عباسی


رفیق عباسی

## سپریم کونسل دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی (سال 2021 تا 2023)


ممبر
ریاض عباسی


سینئر وائس چیئرمین
ملک یونس عباسی





وائس چیئرمین
رفیق عباسی


ممبر
منظور عباسی


ممبر
وسیم عباسی


ممبر
اکرم عباسی


ممبر
ظہیر عباسی


ممبر
ملک ساجد عباسی


ممبر
حفیظ عباسی


ممبر
نعیم عباسی


ممبر
رفاقت عباسی


DALOLA HAZARA WELFARE COMMITTEE
عہدیداران کابینہ 2023
DALOLA HAZARA WELFARE COMMITTEE
صدر ذوالفقار عباسی
سینئر نائب صدر شوکت عباسی
نائب صدر سردار ظفر علی
نائب صدر راجہ راشد
جنرل سیکرٹری اظہر عباسی
جوائنٹ سیکرٹری نثار عباسی
ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالجبار
فنانس سیکرٹری عارف صادق عباسی
ڈپٹی فنانس سیکرٹری طاہر فراز
سیکرٹری اطلاعات یاسر عباسی
ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات انعام الحق عباسی
انفارمیشن سیکرٹری عمر ریاض عباسی
سپورٹس سیکرٹری ساجد سرور اعوان
دلولہ ہزارہ ویلفئیر کمیٹی کی متحرک ٹیم
جو ہمیشہ کمیٹی کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں
عبدالقیوم عباسی
شمس الرحمن عباسی
رفیق عباسی
ساجد عباسی
عارف عباسی
وحید عباسی
مولانا امجد
بنارس عزیز
احمد عباسی
وحید عباسی
چوہدری رفیق
عظیم عباسی
Printed By Abbasi Advertiser
0310-7390978
0341-2444034